سوال

(645)نکاح سے کے بعداور رخصتی سے پہلے شرعی آداب جن عورت خیال رکھے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

وہ کیا شرعی آداب ہیں جن کا مجھے اپنے شوہر کے ساتھ لحاظ رکھنا ضروری ہے، جس کا میرے ساتھ عقد شرعی ہوچکا ہے (مگر باقاعدہ رخصتی نہیں ہوئی) یعنی ہمارا خلوت میں ہونا وغیرہ، اس کی معیت میں کسی علمی مجلس میں جانا یا سیر وغیرہ کے لیے نکلنا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر آپ کا ولی اس بات کی اجازت دیتا ہے کہ آپ کا یہ شوہر آپ کے ساتھ علیحدگی میں بیٹھے، تو یہ جائز ہے۔ لیکن اگر آپ کے ولی نے اس پر یہ شرط عائد کی ہو کہ وہ بعض امور و معاملات پورے کرنے کے بعد آپ کے ساتھ علیحدہ ہو تو ولی کو یہ حق حاصل ہے، مثلا مکان اور جہیز وغیرہ کا انتظام کرنا۔ کیونکہ خلفائے راشدین کے نزدیک ''خلوت'' سے مراد ''دخول'' ہی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 456

محدث فتویٰ